کانکررز نے ویمنز انڈر 19 ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ جیت لیا۔

- فائنل میں چیلنجرز کو 8 وکٹوں سے شکست کا سامنا

لاہور 21 ستمبر، 2023:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے تحت ہونے والا ویمنز انڈر 19 ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ کانکررز نے جیت لیا۔

لاہور کنٹری کلب مریدکے میں ہونے والے ٹورنامنٹ کے فائنل میں کانکررز نے چیلنجرز کو 8 وکٹوں سے شکست دیدی۔

چیلنجرز نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کی لیکن پوری ٹیم 18.1 اوورز میں صرف 66 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

ماہین عرفان 11 اور فضا فیض 10 دو بیٹرز ہی ڈبل فگرز میں آسکیں۔ سب سے زیادہ 16 رنز ایکسٹرا کے تھے۔

میمونہ خالد نے 17 اور قرۃ العین نے 9 رنز دے کر دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

جواب میں کانکررز نے 13.1 اوورز میں دو وکٹوں کے نقصان پر مطلوبہ ہدف حاصل کرلیا۔ ردا اسلم 19 اور دینار ضوی 18 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہیں۔

صباشیر نے دونوں وکٹیں حاصل کیں۔

میمونہ خالد فائنل کی بہترین کھلاڑی قرار پائیں۔

اس ٹورنامنٹ میں پانچ ٹیموں چیلنجرز۔کانکررز۔اسٹرائیکرز،بلاسٹرز اور انونسیبلز نے حصہ لیا۔

-ENDS-

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
Broadcast & Live Streaming Partners
Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial